دار العلوم کے شب و روز

جناب شفیق الدین فاروقی

مولانا فضل الرحمان صاحب کی دار العلوم تشریف آوری :- گزشتہ دنوں جمعیت علمائے اسلام (ف) کے امیر مولانا فضل الرحمان صاحب حضرت مہتمم صاحب سے ملاقات کے لئے انکی رہائش گاہ پر تشریف لائے۔ مولانا مدظلہ کی غیر موجودگی میں آپ نے مولانا حامد الحق اور مولانا راشد الحق سے ملاقات کی اس موقع پر آپ نے دار العلوم حقانیہ اور حضرت شیخ الحدیث مولانا عبد الحق صاحبؒ کے خاندان کے بارے میں نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ آپ نے طلباء سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ میں نے جامعہ حقانیہ میں کامل نو' دس برس حصول علم میں گزارے ہیں۔ اور دار العلوم کے ہزاروں طلباء میں سے میں واحد طالب علم ہوں کہ جس کے لئے حضرت مولانا عبد الحق صاحبؒ کے گھر سے خصوصی کھانا آتا تھا۔ اور میں اب بھی خود کو دار العلوم اور اس خاندان کا ایک فرد سمجھتا ہوں۔ اور میری ہمیشہ خواہش ہوتی ہے کہ اکوڑہ خٹک سے گزرتے ہوئے ضرور یہاں دار العلوم اور حضرت مولانا سمیع الحق صاحب سے ملنے کے لئے رُکوں۔ ہم مولانا فضل الرحمان صاحب کی ان نیک خواہشات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

جرمن سفارت کاروں کی دار العلوم آمد :- گزشتہ ہفتے جرمن ایمبیسی کے دو سینئر اہم سفارت کار فرسٹ سیکرٹری Dr. Ralf Teepe اور Mr. Hasko Haberlah نے دار العلوم کا دورہ کیا۔ آپ نے دار العلوم کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا۔ سفارت کاروں نے دوران گفتگو اس بات کا اعتراف کیا کہ یہاں بہت سی صحیح باتوں کا ہمیں پہلی مرتبہ علم ہوا جس کا پہلے ہمیں علم نہیں تھا۔ اور مغربی پریس نے مدارس اسلامیہ کے خلاف جو پروپیگنڈہ شروع کیا ہے وہ جانبدارانہ ہے۔ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کی غیر موجودگی میں آپ نے مولانا حامد الحق اور مولانا راشد الحق سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ اور مختلف عالمی اور خصوصاً دینی مدارس کے بارے میں بات چیت کی۔

قطر کے معروف ٹی وی چینل 'الجزیرہ' کا دار العلوم حقانیہ کے بارے میں ڈاکومنٹری پروگرام : دار العلوم میں دنیا بھر کے صحافیوں کی آمد حسب سابق جاری ہے۔ اس سلسلے میں گزشتہ ہفتے معروف عرب ٹی وی چینل "الجزیرہ" کی ٹیم نے دار العلوم حقانیہ کا تفصیلی دورہ کیا۔ جس نے